**23.06.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... ماجدعلی

**Music**

☆ ایران اور اسرائیل نے ایک دوسرے پر پھر میزائل حملے کئے ہیں۔ ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی روس کے سرکردہ رہنماؤں کے ساتھ اہم بات چیت کیلئے ماسکو میں ہیں۔

☆ آبنائے ہرمز کو بند کرنے کی ایران کی تجویز کے بعد تیل کی عالمی قیمتوں میں اُچھال آیا ہے۔

☆ آج ڈاکٹر شیاما پرساد مکھرجی کو اُن کے شہیدی دِوس پر خراج عقیدت پیش کیا جارہا ہے۔

☆ موسمیات محکمے نے راجستھان اور مدھیہ پردیش کے بعض حصوں میں شدید بارش کے امکان کے مدنظر ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

☆ اور کرکٹ میں: Headingley کے مقام پر انگلینڈ کے ساتھ پہلے ٹیسٹ کے آج چوتھے دن بھارت اپنی دوسری اننگز میں دو وکٹ پر 90 رن سے آگے کھیلنا شروع کرے گا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

## IRAN--ISRAEL CONFLICT

ایران اور اسرائیل نے پھر سے ایک دوسرے پر میزائل حملے کئے ہیں۔ ادھر ایران کے رہبر عالی آیت اللہ علی خامنہ ای نے یہ عہد کیا ہے کہ اسرائیل کو سزا ملتی رہے گی۔ ایران پر اسرائیلی حملوں کے ساتھ ساتھ امریکہ کے حملے کے بعد اپنے پہلے بیان میں انھوں نے یہ بات کہی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر آیت اللہ خامنہ ای نے کہا کہ اسرائیل نے بڑی غلطی کی ہے۔ ادھر ایران کے حکام نے کہا ہے کہ فوج ایٹمی تنصیبات پر امریکہ کے حملوں کے تناظر میں جوابی کارروائی کے لئے وقت، نوعیت اور اِس کے پیمانے کا تعین کرنے کا کام کررہی ہے۔ اس سے پہلے ایران کی پارلیمنٹ نے آبنائے ہرمز کو بند کرنے کی تجویز کو اتفاق رائے سے منظوری دے دی، جو تیل اور گیس کو لے جانے کا ایک اہم راستہ ہے۔

Fordow، اصفہان اور Natanz میں تین ایٹمی تنصیبات پر امریکہ کے فضائی حملوں کے جواب میں ایران نے یہ

قدم اٹھایا ہے۔ البتہ اس بارے میں حتمی منظوری ایران کی سپریم قومی سلامتی کونسل دے گی۔ بین الاقوامی مارکیٹس میں تیل کی قیمتوں میں پہلے ہی اضافہ شروع ہوگیا ہے اور جہاز رانی کمپنیوں نے اپنے بیڑے سے سخت چوکسی برتنے کو کہا ہے۔ ادھر ایران کے وزیرخارجہ عباس عراقچی بات چیت کیلئے ماسکو گئے ہیں۔ امید ہے کہ وہ روس کے صدر ولادیمیر پوتن اور دیگر اعلیٰ عہدیداروں سے صلاح و مشورہ کریں گے۔ اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل **Antonio Guteress** نے نیویارک میں اقوام متحدہ ہیڈکوارٹرس میں سلامتی کونسل کے ہنگامی خصوصی اجلاس کے دوران قیام امن کی پرزور اپیل کی ہے۔

سلامتی کونسل کا ہنگامی اجلاس روس اور چین کے ایما پر طلب کیا گیا تھا۔ اس میں ایک قرارداد پیش کی گئی، جس میں فوری اور غیر مشروط جنگ بندی کی اپیل کی گئی تھی۔ دوسری طرف امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے ایران میں سرکار بدلنے کے امکان کی طرف اشارہ دیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر صدر ٹرمپ نے کہا کہ اگر ایران کی موجودہ سرکار ایران کو پھر سے عظیم ملک بنانے میں ناکام رہتی ہے تو پھر قیادت میں تبدیلی ہونی چاہیئے۔ **x**

## OIL MARKET PRICE

ایران کی ایٹمی تنصیبات پر امریکہ کے حملے اور آبنائے ہرمز کو بند کرنے کے ایران کے فیصلے کے بعد تیل کی قیمتوں میں اُچھال آیا ہے اور یہ گذشتہ پانچ مہینے کی سب سے بلند سطح پر پہنچ گئی ہیں۔ **Brent** خام تیل کی قیمت میں دو فیصد سے زیادہ کا اضافہ ہوا اور یہ اُناسی ڈالر فی بیرل سے تجاوز کرگئی۔ اسی طرح **WTI** خام تیل کی قیمت میں بھی دو فیصد سے زیادہ کا اچھال آیا اور یہ **75** ڈالر فی بیرل کے قریب پہنچ گئی۔ بڑھتی ہوئی جغرافیائی اور سیاسی کشیدگی کے تناظر میں خام تیل کی قیمتوں میں لگاتار تیسرے ہفتے اضافہ ہوا ہے۔ **x**

## OPERATION SINDHU

بھارت، ایران اور اسرائیل سے بھارتی باشندوں کو واپس لانے کیلئے آپریشن سندھو کے تحت بڑے پیمانے پر انخلاء کی کارروائی جاری رکھے ہوئے ہے۔ تازہ پیش رفت میں گزشتہ شب ایران کے شہر مشہد سے ایک خصوصی پرواز کے ذریعے **285** بھارتی باشندے نئی دلّی پہنچے۔ ان افراد کا خیر مقدم کرتے ہوئے امورِ خارجہ کے وزیرِمملکت **Pabitra Margherita** نے کہا کہ آپریشن سندھو کے تحت اب تک ایران سے ایک ہزار **713** بھارتی باشندوں کو واپس لایا جا چکا ہے۔

**0815-Pabitra Megherita**

وزیر موصوف نے یہ بھی بتایا کہ اگلے دو دن کے دوران ایران سے مزید **2** سے **3** پروازوں کے پہنچنے کا پروگرام ہے۔ جناب مارگریٹا نے مزید کہا کہ وزارت خارجہ ایران اور اسرائیل میں مقیم تمام بھارتی شہریوں سے لگاتار رابطے میں ہے۔ ایران اور اسرائیل میں مقیم بھارتی باشندوں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ ایمرجنسی ہیلپ لائن اور نئی دلی میں وزارت خارجہ کی جانب سے

قائم کردہ 24 گھنٹے ساتوں دن کام کرنے والے کنٹرول روم کے ذریعے تہران میں بھارتی سفارتی خانے کے ساتھ رابطے میں رہیں۔ ایک تازہ پیش رفت میں اسرائیلی فضائی حدود بند ہونے اور تجارتی پروازوں کے معطل ہونے کے بعد اسرائیل اور اُردن میں بھارتی سفارتخانوں نے ایک مشترکہ کارروائی میں 160 بھارتی باشندوں کو وہاں سے نکالا ہے۔×

## SRI LANKA-ISRAEL

علاقائی یکجہتی کی مثال پیش کرتے ہوئے، بھارت نے سری لنکا کے باشندوں کو اسرائیل سے اپنے وطن واپس لوٹنے کیلئے عمان سے نئی دلّی آنے والی پروازوں میں سیٹوں کی پیشکش کی ہے۔ اس بات کا اسرائیل میں سری لنکا کے سفارتخانے، نے اعلان کیا ہے۔تل ابیب سے عمان اور وہاں سے دلّی کیلئے بھی مفت پرواز دی جائے گی، تاہم نئی دلّی سے کولمبو جانے کیلئے خرچ مسافروں کو خود برداشت کرنا پڑے گا۔ اس سے قبل بھارت نے نیپال باشندوں کے ساتھ سری لنکا کے باشندوں کو آپریشن سندھو کے تحت اسی طرح کی پیشکش کی تھی۔ اس طرح کے اقدامات مشکل وقت میں علاقائی تعاون اور انسانی امداد کیلئے بھارت کے عہد کی توثیق کرتے ہیں۔×

## KANISHKA BOMBING

Kanishka طیارے میں بم دھماکے کے واقعے کو 40 سال پورے ہونے پر وزیرخارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے اس حملے میں مارے گئے لوگوں کو خراج عقیدت پیش کیا اور اسے دہشت گردی کی بدترین حرکتوں میں سے ایک قرار دیا۔1985 میں آج کے ہی دن ائیر انڈیا کی پرواز 182، کا طیارہ کناڈا سے سرگرمیاں چلانے والے خالصتانی دہشت گردوں کے بزدلانہ حملے کے نتیجے میں آئرلینڈ کے ساحل کے نزدیک اوقیانوس سمندر کے اوپر آسمان میں ہی پھٹ پڑا تھا۔ اس حملے میں 329 بے قصور مسافر مارے گئے تھے، جن میں بچوں سمیت کئی بھارتی شہریوں کے ساتھ ساتھ کناڈا اور دیگر غیر ملکی شہری بھی شامل تھے۔ یہ طیارہ کناڈا میں Montreal سے لندن اور نئی دلی کی پرواز پر تھا۔

ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ یہ حملہ ہمیں یہ یاد دلاتا ہے کہ دنیا کے ملکوں کو دہشت گردی اور پرتشدد انتہا پسندی کو کیوں بالکل برداشت نہیں کرنا چاہئے۔ ادھر پٹرولیم اور قدرتی گیس محکمے کے مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے آٹھ ارکان پر مشتمل بھارتی وفد کے ہمراہ آئرلینڈ میں Cork کے مقام پر Ahakista میموریل پر Kanishka بم حملے میں ہلاک ہونے والوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ اس وفد میںBJP کے قومی جنرل سکریٹری ترن چگھ، اترپردیش سرکار میں وزیر مملکت بلدیو سنگھ Aulakh، ارکان اسمبلی اروندر سنگھ Lovely، گرویر سنگھ براڑ، نریندر سنگھ رینا، ترلوک سنگھ چیما اور آئرلینڈ میں سفیر اکھیلیش مشرا شامل تھے۔ آئرلینڈ کے وزیراعظم Micheal Martin اور کناڈا کے عوامی سلامتی محکمے کے وزیر Gary Anandasangaree نے بھی اس واقعے میں ہلاک ہونے والوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ x

**OVERALL MOARJEE MARTYRDOM**

آج ڈاکٹر شیاما پرساد مکھرجی کو اُن کے شہیدی دِوس پر خراج عقیدت پیش کیا جارہا ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے ڈاکٹر مکھرجی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر کہا کہ ڈاکٹر مکھرجی نے ملک کی سالمیت برقرار رکھنے کی خاطر بے مثال دلیری اور بھرپور کوشش کا مظاہرہ کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ ملک کی تعمیر میں اُن کا گرانقدر رول ہمیشہ احترام کے ساتھ یاد رکھا جائے گا۔

ڈاکٹر شیاما پرساد مکھرجی کی موت 1953 میں آج کے ہی دن سری نگر کی ایک جیل میں پراسرار حالات میں ہوئی تھی۔ ادھر بی جے پی کے قومی صدر جے پی نڈّا نے بھی نئی دلی میں پارٹی ہیڈکوارٹرس میں ڈاکٹر مکھرجی کو گلہائے عقیدت نذر کئے۔ جناب نڈا نے کہا کہ ڈاکٹر مکھرجی ایک مجاہد آزادی اور سماجی مصلح تھے، جنھوں نے جموں وکشمیر کو دیئے گئے خصوصی درجے کی مخالفت کی تھی۔

**1400- Nadda- Sp Mukherjee**

**SPECIAL FEATURE-11 YEARS OF GOVT**

ملک میں سیوا، **Sushasan** اور غریب کلیان کے اصولوں پر چلتے ہوئے پچھلے گیارہ سال میں قابل قدر تبدیلیاں آئی ہیں۔ آکاشوانی نیوز مختلف اہم شعبوں میں گذشتہ گیارہ سال کے دوران سرکار کی کوششوں کے بارے میں ایک خصوصی فیچر پیش کر رہا ہے۔ آج ہم جس موضوع پر توجہ مرکوز کر رہے ہیں، اُس کا عنوان ہے ''مجموعی ترقی کے تئیں بھارت کا پختہ عزم - ملک کے اقلیتی طبقوں کو بااختیار بنانے، مواقع دستیاب کرانے اور اصلاحات کا ایک سفر''۔

پیش ہے ایک رپورٹ:

**V/C - Vishnu**

*گذشتہ دہائی میں سرکار نے تعلیم، معاشی اعتبار سے بااختیار بنانے اور بنیادی ڈھانچے کے فروغ کے شعبے میں مخصوص اقدامات کے ذریعے اقلیتی طبقوں کی بہبود کیلئے نمایاں پیش رفت کی ہے۔ پردھان منتری جن وکاس کاریہ کرم کے ذریعے 18 ہزار 400 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے پروجیکٹوں کو منظوری دی گئی۔ ادھر قومی اقلیتی ترقیاتی اور مالیاتی کارپوریشن نے ایک لاکھ 74 ہزار سے زیادہ مستفید ہونے والوں کو 752 کروڑ روپے سے زیادہ تقسیم کئے اور پسماندہ طبقوں کو رعایتی شرحوں پر قرضے فراہم کئے۔ حج سُویدھا ایپ اور حج رضاکاروں کیلئے مخصوص تربیتی پروگراموں سے فریضہ حج ادا کرنے میں سہولت پیدا ہوئی۔ تاریخی وقف ترمیمی ایکٹ 2025 کے ساتھ ساتھ امید پورٹل کے لانچ سے شفافیت اور حکمرانی مستحکم ہوئی ، جس سے وقف املاک کیلئے ڈیجیٹل بندوبست کے نئے دور کا آغاز ہوا۔ اس کے علاوہ بودھ ترقیاتی منصوبے، جیو پارسی جیسی اسکیموں اور دیگر اسکیموں سے مختلف طبقوں کی منفرد ضروریات پر توجہ دی گئی۔ اس کے تحت اُن کی ثقافت کو برقرار رکھ کر اور تعلیم کو فروغ دے کر اور*

کمیونٹی بہبود کو بڑھاوا دے کر توجہ دی گئی ہے۔

وِشنو پی ایس کی رپورٹ کے ساتھ ، اُردو خبروں کیلئے میں ۔۔۔۔

## PREZ-ACCOUNTANT

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ دنیا کو موسمیاتی تبدیلی کا سامنا ہے اور پائیداری اب کوئی نعرہ نہیں رہ گیا ہے، بلکہ یہ ایک ضرورت بن گیا ہے۔ نئی دلّی میں انسٹی ٹیوٹ آف کوسٹ اکاؤنٹنٹس آف انڈیا کے تقسیم اسناد 2025 کے پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ طلباء اپنی مہارت کے ذریعہ کرۂ ارض کے مستقبل میں بڑی تبدیلی لاسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اکاؤنٹنگ کی تاریخ بھارت میں بہت پرانی ہے۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ اکاؤنٹنگ اور Accountability یعنی ذمہ داری، آپس میں مربوط ہیں۔ Byte: Droupadi Murmu

## BY POLLS COUNTING

چار ریاستوں میں پانچ اسمبلی حلقوں کیلئے ضمنی انتخابات کے ووٹوں کی گنتی جاری ہے۔ گجرات کے Visavadar اور Kadi میں، کیرالہ کے Nilambur، مغربی بنگال کے کالی گنج اور پنجاب کی لدھیانہ ویسٹ سیٹوں کیلئے جمعرات کو ضمنی انتخابات کرائے گئے تھے۔x

## IMD-WEATHER

بھارتی موسمیات محکمے نے آج راجستھان اور مدھیہ پردیش کے بعض حصوں میں شدید بارش کے امکان کے مدنظر ریڈ الارٹ جاری کیا ہے۔ موسمیات محکمے کے مطابق اگلے دو دن کے دوران دلی، ہریانہ، چنڈی گڑھ، پنجاب، اترپردیش، ہماچل پردیش اور جموں کے بعض حصوں میں جنوب مغربی مانسون کے مزید آگے بڑھنے کے لئے حالات سازگار ہیں۔

## CRICKET IND-ENG TEST

کرکٹ میں آج سہ پہر Headingley میں انگلینڈ کے ساتھ پہلے ٹیسٹ میچ کے آج چوتھے دن بھارت اپنی دوسری اننگز میں دو وکٹ پر 90 رن سے آگے کھیلنا شروع کرے گا۔ کل جب کھیل ختم ہوا تو کے ایل راہل 47 پر اور کپتان شبھمن گِل چھ رن پر کھیل رہے تھے۔ بھارت کو مجموعی طور پر 96 رن کی سبقت حاصل ہے۔ بھارت نے اپنی پہلی اننگز میں 471 رن بنائے تھے۔ اس کے جواب میں انگلینڈ کی پوری ٹیم 465 رن بنا کر آؤٹ ہوگئی تھی۔ اس طرح بھارت کو چھ رن کی سبقت ملی۔x

**MUST ANNOUNCEMENT PUBLIC SPEAK**

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے ''خون کا عطیہ، ایک چھوٹا قدم اور بڑا اثر'' کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔ اس مذاکرے میں ایمس نئی دلّی کے ٹرانسفیوژن میڈیسن کے ایڈیشنل پروفیسر ڈاکٹر گوپال پاٹیدار شامل ہوں گے۔

پروگرام کے دوران سامعین خون عطیہ کرنے کے عمل، خدشات اور اِس سے متعلق غلط فہمیاں دور کرنے کیلئے اپنے سوالات اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔ صفر ایک ایک - دو تین، چار دو - ایک صفر ، پانچ صفر۔ اور۔ صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک، چار چار، چار چار، اِس کے علاوہ آپ اپنے سوالات، نو دو آٹھ نو - صفر نو چار صفر - چار چار، پر بھی وہاٹس ایپ کرسکتے ہیں، یا ہیش ٹیگ **Askair** کے ساتھ **X** پر بھی بھیج سکتے ہیں۔ **x**

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆